## پنجاب کے عوام 10 اپریل کو لاہور میں ہونیوالے ایم کیوایم کے جلسہ عام میں بڑی تعداد میں شرکت کر کے حق پرستی کا ثبوت دیں۔الطاف حسین

## پنجاب کے عوام اپنے اتحاد سے ثابت کردیں کہ وہ گزشتہ 63 برسوں سے قائم اسٹیٹس کو توڑنا چاہتے ہیں اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور کرپشن کا خاتمہ چاہتے ہیں

## الطاف حسین آپ کو پکار رہا ہے،ایم کیوایم کیلئے نہیں پاکستان کیلئے میرا ساتھ دیجئے

## پنجاب کے عوام کے نام الطاف حسین کا خصوصی وڈیو پیغام

## فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور کرپشن کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد میں شامل ہوں، پنجاب کے نوجوانوں، خواتین اور طلبہ وطالبات سے الطاف حسین کی خصوصی اپیل

لندن۔۔۔09 اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ 10 اپریل کو لاہور میں ہونیوالے ایم کیوایم کے جلسہ عام میں بڑی تعداد میں شرکت کر کے حق پرستی کا ثبوت دیں اور اپنے اتحاد سے ثابت کردیں کہ وہ پاکستان میں گزشتہ 63 برسوں سے قائم اسٹیٹس کو توڑنا چاہتے ہیں اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور کرپشن کا خاتمہ چاہتے ہیں۔پنجاب کے عوام کے نام اپنے ایک خصوصی وڈیو پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں بدقسمتی سے چند خاندانوں کی موروثی سیاست چلی آرہی ہے اور اس موروثی سیاسی کلچر کے باعث چند خاندان کے افراد ہی ہمیشہ اقتدار میں آتے ہیں جبکہ عوام اقتدار کا تماشہ دیکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان چند خاندانوں کا نہیں بلکہ ملک کے 18 کروڑ عوام کا ہے اور پنجاب کے عوام ثابت کردیں کہ وہ ملک سے اس موروثی سیاست، کرپشن، چور بازاری، مہنگائی، غربت وبیروزگاری کا خاتمہ اور امن وسکون کی زندگی چاہتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے پنجاب کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین آپ کو پکار رہا ہے،ایم کیوایم کیلئے نہیں پاکستان کیلئے میرا ساتھ دیجئے،میری جدوجہد اور خواہش یہی ہے کہ ہم پاکستان کو بچالیں اور ملک میں ایسا نظام قائم کریں جس میں غربت اور بیروزگاری نہ ہو، جہاں کوئی بھوکا نہ رہے، جہاں قانون سب کیلئے برابر ہو، جہاں سب کو انصاف میسر آئے، امیر غریب سب کی عزت برابر ہو، کسی کو کسی پر کوئی فوقیت نہ ہو۔اپنے وڈیو پیغام میں جناب الطاف حسین نے پنجاب کے نوجوانوں بالخصوص طلبہ سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کے ہر انقلاب میں نوجوانوں نے ہراول دستہ کا کردار ادا کیا ہے لہٰذا پنجاب کے نوجوان بالخصوص طلبہ پاکستان کی ترقی اور استحکام کی جدوجہد میں ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔انہوں نے پنجاب کی خواتین بالخصوص طالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی شمولیت کے بغیر دنیا کی کوئی بھی تحریک کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوتی لہٰذا پنجاب کی مائیں بہنیں بھی ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور کرپشن کے خاتمہ کیلئے آگے آئیں اور ایم کیوایم کی جدوجہد میں شامل ہوں ،یہ ان کی اپنی جماعت ہے۔انہوں نے پورے پنجاب کے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب برپا کرنے کیلئے ایم کیوایم کے جلسہ عام کو کامیاب بنائیں۔

## پنجاب میں ہونے والا ایم کیوایم کا جلسہ عام ملک کی سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔الطاف حسین

## پنجاب کے عوام نے حق اور سچ کو پہچان لیا ہے اور وہ جوق درجوق ایم کیوایم کے قافلے میں شامل ہورہے ہیں

## پنجاب کی روایتی سیاست کا رخ تبدیل ہورہا ہے،اب انشاء اللہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوامی انقلاب کا راستہ نہیں روکا جاسکتا۔ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی اور سیکریٹریٹ کے ارکان سے گفتگو

## جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف ایم کیوایم کے تمام کارکنوں، ذمہ داروں، ارکان اسمبلی، نوجوانوں،خواتین اور بزرگوں کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔9 اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پنجاب میں ہونے والا ایم کیوایم کا جلسہ عام ملک کی سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی اور سیکریٹریٹ کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب کے سادہ لوح عوام کو برسوں تک

سازشوں اورمنفی پروپیگنڈوں کے ذریعے ایم کیوایم سے دوررکھا گیالیکن بالآخر پنجاب کے عوام نے حق اور سچ کو پہچان لیاہے اوروہ جوق درجوق ایم کیوایم کے قافلے میں شامل ہورہے ہیں۔پنجاب کی روایتی سیاست کارخ تبدیل ہورہاہے اوراب انشاءاللہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوامی انقلاب کاراستہ نہیں روکاجاسکتا۔اس موقع پراراکین رابطہ کمیٹی نے جناب الطاف حسین کولاہورمیں ہونے والے جلسہ عام کی تیاریوں اوراس حوالے سے پنجاب کے شہروں،ضلعوں،تحصیلوں اورچھوٹے چھوٹے قصبوں میں کارکنوں اورعوام میں پائے جانے والے جوش وجذبہ سے آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف ایم کیوایم کے تمام کارکنوں،ذمہ داروں،ارکان اسمبلی،نوجوانوں،خواتین اوربزرگوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## لاہورمیں منعقدہ استحکام پاکستان جلسہ کے سلسلے میں ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہورسے ایک بڑی ریلی نکالی گئی

## ریلی لاہورکی مختلف سڑکوں اورشاہراہوں سے ہوتی ہوئی جلسہ گاہ کے مقام قذافی اسٹیڈیم روڈپراختتام پذیرہوئی

## ریلی کے شرکاءایم کیوایم اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے لگارہے تھےاورترانوں کی دھنوں پروالہانہ رقص کرتے رہے

## جلسہ عام کوفقیدالمثال کامیابی سے ہمکنارکراکرثابت کردیاجائے کہ پنجاب کے عوام نے ملک کی تقدیرسنوارنے کا حق جناب الطاف حسین کودیدیاہے،رابطہ کمیٹی کاریلی کے شرکاءسے خطاب

لاہور۔۔۔9،اپریل2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام10اپریل اتوارکولاہورکے قذافی اسٹیڈیم روڈپرہونے والے''استحکام پاکستان''جلسہ کیلئے ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہورسے ہفتہ کی شام کو ایک بڑی ریلی نکالی گئی۔ریلی کے شرکاءٹرکوں،گاڑیوں،کاروں،موٹرسائیکلوں،سوزوکیوں اوررکشوں پرسوارتھے اورانہوں نے اپنے ہاتھوں میں قومی پرچم،ایم کیوایم کے سہ رنگی پرچم اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی تصاویرکے پورٹریٹ اٹھارکھے تھے۔ریلی میں نوجوانوں،بزرگوں،خواتین کی ایک بڑی تعدادکے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین،حق پرست وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین،لاہورزونل کمیٹی کے انچارج واراکین،ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان اورحق پرست عوام نے شرکت کی۔ریلی میں ایم کیوایم کے ترانوں اورتنظیمی نغموں کی ریکارڈنگ بجائی جاتی رہی جس پرشرکاءوالہانہ رقص کرتے رہے اورقائدتحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگاتے رہے۔ریلی میں شریک گاڑیوں،رکشوں،سوزوکیوں اورٹرکوں پرایم کیوایم کے پوسٹراورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی تصویریں بھی چسپاں کررکھی تھیں۔ریلی لاہورکی مختلف سڑکوں اورشاہراہوں سے گزرتی ہوئی جلسہ گاہ کے مقام قذافی اسٹیڈیم روڈپراختتام پذیرہوئی۔اس موقع پرریلی کے شرکاءسے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہاکہ پنجاب بھرمیں ایم کیوایم کے لاہورمیں ہونیوالے جلسہ عام کے حوالے سے زبردست جوش وخروش پایاجارہاہے اورایم کیوایم کے اس جلسہ عام کوپنجاب کے ہاری،کسان،مزدور،مزارعین،طلباء،نوجوان،بزرگ،خواتین اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افرادفقیدالمثال کامیابی سے ہمکنارکراکرملک استحکام کی ضمانت دیدیں گے اورپھرکوئی طالع آزماکرپشن،لوٹ مار،ظلم،ناانصافی اورجبرکے ذریعے مظلوم عوام کے حقوق غصب نہیں کرسکتا اورنہ ہی انہیں اقتدارمیں شراکت کرکے ملک کی ترقی وخوشحالی سے روک سکتاہے۔انہوں نے ریلی کے شرکاءسے اپیل کی کہ وہ جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعدادمیں شرکت کریں اورثابت کردیں کہ پنجاب کے عوام نے ملک کی تقدیرسنوارنے کاحق اب قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ میں دیدیاہے۔

## ایم کیوایم کے تحت کل لاہور میں ’’استحکام پاکستان‘‘ جلسہ منعقد ہوگا،الطاف حسین جلسہ عام سے تاریخی خطاب کریں گے۔

### جلسہ عام کے سلسلے میں پنجاب بھر میں عوامی رابطہ مہم جاری رہی ،سینکڑوں کارنرمیٹنگوں کا انعقاد کیا گیااوردرجنوں مقامات پرریلیاں نکالی گئیں

### کارکنان وحق پرست عوام میں زبردست جوش وخروش ، پنجاب میں ایم کیوایم کے بیجزاورلٹریچر کی مانگ میں زبردست اضافہ

### اسٹیج کا تعین کر کے جلسہ عام کے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی

لاہور۔۔۔9،اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل بروز اتوار لاہور کے قذافی اسٹیڈیم روڈ پر ہونیوالے ’’جلسہ عام استحکام پاکستان‘‘ سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے تاریخی اوراہم ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں گزشتہ دوہفتوں سے پنجاب بھر میں ایم کیوایم لاہور، ملتان، راولپنڈی، فیصل آباد اور گجرانوالہ زون کے تحت عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ جاری رہی ہے ،سینکڑوں کارنرمیٹنگوں کا انعقاد کیا گیا جبکہ درجنوں مقامات پر ریلیاں نکالی گئیں جن میں نوجوانوں ، بزرگوں، خواتین ،طلباءاور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جلسہ عام ’’استحکام پاکستان‘‘ کے سلسلے میں پنجاب بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان اورحق پرست عوام میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے جبکہ لاہور، ملتان ، راولپنڈی ، فیصل آباد اور گوجرانوالہ زون کی جانب سے مختلف اضلاع کے اہم مقامات ،عمارتوں، سڑکوں ، اہم شاہراہوں کو پاکستان اورایم کیوایم کے پرچموں ، قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر کے پورٹریٹ اور جلسہ عام کے خیر مقدمی بینرز لگا کر سجادیا گیا ہے اور پنجاب بھر کے عوام میں جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں پنجاب بھرقائد تحریک جناب الطاف حسین کی خوبصورت تصویروں ، ایم کیوایم کے پرچم اور پتنگ کے ماڈلز پر مشتمل بیجز کی مانگ میں زبردست اضافہ دیکھنے میں آیا ہے ،لوگوں کی بڑی تعداد ان بیجز کو اپنے کپڑوں پر لگا کر گھوم رہی ہے اورایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور سمیت دیگر مقامات پر ان کی بیجز کے اسٹال لگائے گئے ہیں جہاں لوگوں کو زبردست ہجوم دکھائی دے رہا ہے۔ اسی طرح لاہور کے مختلف علاقوں میں جلسہ عام کے سلسلے میں استقبالیہ کیمپ قائم کئے گئے ہیں جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطابات اورایم کیوایم کے لٹریچر کے خصوصی اسٹال بھی قائم کئے گئے ہیں۔ جلسہ عام کے سلسلے میں قذافی اسٹیڈیم روڈ پر اسٹیج کا تعین کرکے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور جلسہ گاہ کو ایم کیوایم کے پرچموں ، قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اور پاکستان کے پرچم لگا کر سجایا جارہا ہے جس کے باعث جلسہ گاہ میں زبردست گہما گہمی دکھائی دی گئی۔ جلسہ گاہ کی برقی قمقموں سے کی گئی سجاوٹ کے باعث رات میں تمام علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے اور جلسہ عام کی سجاوٹ لوگوں کی خصوصی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ پنجاب کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے لاہور کے قذافی اسٹیڈیم روڈ پر ہونے والے جلسہ عام استحکام پاکستان کو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام کے خاتمے، مظلوم قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے حصول کیلئے اہم سنگ میل قرار دیا جارہا ہے۔

## ایم کیوایم کے وفد کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفی کمال کی سربراہی میں لاہور کی معروف بزنس شخصیات سے ملاقات

### معروف بزنس شخصیات کو ایم کیوایم کے وفد نے 10اپریل کو قذافی اسٹیڈیم میں منعقدہ جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی

لاہور۔۔۔9،اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم کراچی مصطفی کمال ،حق پرست سینیٹر حسیب خان اورحق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان نے گزشتہ روز لاہور کی معروف تجارتی شخصیات واعزازی قونصل ری پبلک آف ماریشس شاہد سیٹھی ، ریپبلک آف انڈونیشا کے اعزازی قونصل اجمل اے ناز اومنیجنگ ڈائریکٹر جراانٹر پرائزز لاہور کلیم احمد سے ملاقات کی اورانہیں ایم کیوایم کے تحت 10 ،اپریل کو قذافی اسٹیڈیم روڈ پر منعقدہ جلسہ عام ’’استحکام پاکستان‘‘ میں شرکت کی دعوت دی۔ ملاقات میں ایم کیوایم کے وفد نے لاہور کی معروف بزنس شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک کو معاشی ، تجارتی ،صنعتی اور اقتصادی سطح پر ترقی دینا چاہتی ہے اوراس ضمن میں ایم کیوایم کے پاس واضح اور قابل عمل پروگرام بھی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 اپریل کا جلسہ عام استحکام پاکستان ، ملک میں نئے دریچے کھولے گا اور معاشی ، اقتصادی، کاروباری، صنعتی اور تجارتی ترقی کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی میں معاون ومددگار ثابت ہوگا۔ اس موقع پرایم کیوایم لاہور زونل کمیٹی کے رکن افتخار حسین بخاری بھی موجود تھے۔

## خواجہ آصف کی والدہ کے انتقال پرحق پرست ارکان اسمبلی کا تعزیتی دورہ

سیالکوٹ :۔۔۔۔9اپریل،2011ء

ایم کیوایم کے حق پرست ارکان اسمبلی خواجہ سہیل منصوراورطاہرقریشی نے مسلم لیگ (ن ) کے رہنماء خواجہ آصف کی رہائشگاہ واقع سیالکوٹ جاکران کی والدہ محترمہ کے انتقال پردلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے ایم کیوایم کے رہنماؤں نے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہارکیااور مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی ۔

## ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج وحق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈووکیٹ نے متحدہ لائرزفورم لاہورکے ہمراہ ایوان عدل اور ہائیکورٹ لاہورکادورہ کرکے وکلاء کوجلسہ عام استحکام پاکستان میں شرکت کی دعوت دی

لاہور۔۔۔9،اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج وحق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈوکیٹ نے ایوان عدل اور ہائیکورٹ لاہورکا دورہ کیااوروکلاء برادری کو10اپریل کولاہورکے قذافی اسٹیڈیم روڈپرہونے والے جلسہ عام ’’استحکام پاکستان‘‘ میں شرکت کی دعوت دی ۔اس موقع پرایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج راؤ شریف،متحدہ لائرزفورم لاہورکے انچارج مبین الدین قاضی،متحدہ لائرزفورم لاہورکے جوائنٹ انچارج انیل عاشق چوہدری بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے ایوان عدل اور ہائیکورٹ لاہورمیں وکلاء حضرات سے ملاقاتیں کی اوران میں جلسہ عام کے پمفلٹ تقسیم کئے۔ایوان عدل اور ہائیکورٹ لاہورکے وکلاء نے ایم کیوایم کے لاہورمیں ہونے والے جلسہ عام کازبردست خیر مقدم کیااوراس میں اپنی شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

## ایم کیوایم کے نمائندہ وفدکی ڈاکٹر فاروق ستارکی سربراہی میں پیپلز پارٹی کے رہنماجہانگیر بدر سے ملاقات،جلسہ عام استحکام پاکستان میں شرکت کی دعوت دی

لاہور۔۔۔9،اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستارکی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے ہفتہ کے روز پاکستان پیپلزپارٹی کے رہنما جہانگیر بدر سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی اورانہیں اورپیپلزپارٹی کے دیگررہنماؤں کو10اپریل کولاہورمیں ہونے والے جلسہ عام استحکام پاکستان میں شرکت کی دعوت دی ۔ایم کیوایم کے وفد میں رابطہ کمیٹی کے اراکین اورمنتخب نمائندے شامل تھے جبکہ اس موقع پرپاکستان پیپلزپارٹی کے دیگررہنمابھی موجودتھے۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی،معاشی اوراقتصادی صورتحال پرتبادلہ خیال اوردونوں جماعتوں کے درمیان باہمی رابطوں کے فروغ پراتفاق کیا گیا۔ملاقات میں پیپلزپارٹی کے رہنماجہانگیر نے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ پنجاب میں پیپلزپارٹی،ایم کیوایم کا خیرمقدم کرتی ہے اورایم کیوایم جمہوری جماعت ہے اوراسے ملک بھرمیں پرامن سیاسی سرگرمیوں کا حق حاصل ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے وفدکازبردست خیرمقدم کیااور10اپریل کوقذافی اسٹیڈیم روڈپرہونے والے جلسہ عام میں پیپلزپارٹی کے وفدکی شرکت کا یقین دلایا۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کا تعزیتی اجلاس،بوریوالا میں تین بہنوں کی خودکشی کے واقعہ پراظہارافسوس ملک سے غربت،مہنگائی اوربیروزگاری کے خاتمے کیلئے مثبت نوعیت کے اقدامات بروئے کارلائے جائیں،اجلاس میں مطالبہ

لاہور۔۔۔9،اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین پنجاب کاایک تعزیتی اجلاس پنجاب ہاؤس لاہورمیں ہواجس میں بوریوالامیں غربت سے تنگ آکرتین بہنوں کی خودکشی کے واقعہ پرگہرے دکھ اور افسوس کا ظہارکیا گیا۔اجلاس میں ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کی ذمہ داران اورورکنگ کمیٹیوں کی اراکین نے شرکت کی۔اجلاس میں کہا گیا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بیروزگاری کی لہرنے فاقہ کشی کے بعداب خودکشی کے رجحان کوفروغ دیدیاہےاورملک بھرمیں غربت اورمہنگائی کے باعث خودکشیوں کے واقعات میں اضافہ ارباب اختیارواقتدار کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ بوریوالامیں غربت سے تنگ آکرتین بہنوں کی خودکشی کے واقعہ کاسختی سے نوٹس لیاجائے اورملک سے غربت،مہنگائی اوربیروزگاری کے خاتمے کیلئے فی الفورمثبت اورعملی نوعیت کے اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان نے تھیلیسمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے ادارے سندس فاؤنڈیشن لاہور کا دورہ کر کے بچوں میں جناب الطاف حسین کی جانب سے پھول تقسیم کئے

لاہور۔۔۔9، اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی وقومی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے صحت کے چیئرمین ڈاکٹر ندیم احسان اور ایم کیوایم لاہور زونل کمیٹی کے رکن ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے گزشتہ روز تھیلیسمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے ادارے سندس فاؤنڈیشن لاہور کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بلڈ ٹرانسفیوژن وارڈ میں زیر علاج بچوں میں پھول تقسیم کئے۔ سندس فاؤنڈیشن لاہور کی جانب سے اس موقع پر ایک تقریب کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں تھیلیسمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے والدین اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان نے کہا کہ ایم کیوایم تھیلیسمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کیلئے سینیٹ میں قانون سازی کر رہی ہے اور اس سلسلے میں حق پرست سینیٹر عبدالحسیب خان نے بل بھی تیار کیا ہے جو عنقریب سینیٹ میں پیش کر دیا جائے گا۔ انہوں نے سندس فاؤنڈیشن کی انتظامیہ کو ادویات وٹیکوں کی درآمد اور دیگر مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## گدی نشین رنمل شریف منڈی بہاؤالدین سید بخت حیات نوشاہی کی اپنے مریدوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

لاہور۔۔۔9، اپریل 2011ء

سید بخت حیات نوشاہی گدی نشین رنمل شریف منڈی بہاؤالدین نے ملک بھر کی مظلوم قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے حصول کی جدوجہد سے متاثر ہو کر اپنے مریدوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز چنیبل شریف فاروق آباد میں 10 اپریل کو قذافی اسٹیڈیم روڈ لاہور پر ہونے والے جلسہ عام کیلئے جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع میں کیا۔ اجتماع میں حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ سید بخت حیات نوشاہی نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت ملک بھر کی مظلوم قومیتوں کیلئے امید کی واحد کرن بن چکی ہے اور پنجاب میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سچائی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے 10 اپریل کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں منعقدہ ایم کیوایم کے جلسہ عام ''استحکام پاکستان'' کا زبردست خیرمقدم کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان نے کہا کہ ملک میں تبدیلی کا آغاز ہو چکا ہے اور اب ملک میں آنے والے غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کو ہرگز نہیں روکا جاسکتا۔ انہوں نے سید بخت حیات نوشاہی کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیرمقدم کیا اور ان کی شمولیت کو خوش آئندہ قرار دیا۔

## طاہر کھوکھر کی انوار اختر اور رحیق احمد عباسی سے ملاقاتیں لاہور کے نواحی گاؤں بیدیاں میں کارنر میٹنگ سے خطاب

لاہور۔09/اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے زیر اہتمام آج قذافی اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسہ عام "استحکام پاکستان'' کے سلسلے میں ایم کیوایم آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر، حق پرست وزیر سیاحت محمد طاہر کھوکھر نے پاکستان عوامی تحریک کے مرکزی سیکرٹریٹ میں سیکرٹری جنرل پاکستان عوامی تحریک انوار اختر سے ملاقات کی اور جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر عوامی تحریک آزاد کشمیر کے صدر سردار منصور بھی موجود تھے۔ جبکہ حق پرست وزیر سیاحت نے ناظم اعلیٰ منہاج القرآن رحیق احمد عباسی سے بھی ملاقات کی اس موقع پر رحیق احمد نے انہیں تفسیر قرآن کی جلد پیش کی۔ علاوہ ازیں لاہور کے نواحی گاؤں بیدیاں میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے طاہر کھوکھر نے کہا کہ اقتدار پر قابض سرمایہ دار طبقے نے پنجاب کے عوام کے دلوں میں موجود انقلاب کی خواہش کو دبائے رکھا ہے مگر اب یہ چنگاری شعبہ بن چکی ہے اور اب اس کو روکنا کسی کے بس میں نہیں۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (APMSO) راولپنڈی کی 8 رکنی ورکنگ کمیٹی کا اعلان کردیا گیا

## اے پی ایم ایس او کی ورکنگ کمیٹی کے عہدیداران کو زونل انچارج زاہد ملک نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی

راولپنڈی۔۔۔9اپریل 2011

اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ نے راولپنڈی میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (اے پی ایم ایس او) کی آٹھ رکنی ورکنگ کمیٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔ ورکنگ کمیٹی کے عہدیداران کے ناموں کا اعلان جمعہ کے روز اے پی ایم ایس او کے جنرل ورکرز اجلاس میں کیا گیا جس میں راولپنڈی اسلام آباد کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے جوائنٹ سیکریٹری سید عدیل صفری اور عمیر خان نے شرکت کی اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد نعیم کے علاوہ راولپنڈی کے زون زونل انچارج زاہد ملک بھی موجود تھے۔ اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے اعلان کے مطابق راولپنڈی ورکنگ کمیٹی میں ورکنگ کمیٹی انچارج محمد وقاص، سید مدثر جوائنٹ انچارج، جوائنٹ انچارج کاشف احمد جبکہ ذیشان، صابر، الطاف عابد، محمد ادریس اور نوازش ممبران ہیں۔ صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد نعیم اور راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک نے اے پی ایم ایس او کی ورکنگ کمیٹی عہدیداران کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

## 10 اپریل کا کا لاہور میں جلسہ پاکستان کی سیاست پر گہرے اثرات مرتب کرے گا۔ حق پرست پارلیمنٹرین

راولپنڈی۔۔۔9اپریل 2011

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین اسمبلی عبدالوسیم، سیف الدین خالد اور وسیم احمد نے کہا ہے کہ 10 اپریل کا جلسہ ''استحکام پاکستان'' پاکستان کو مستحکم کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا جو ملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ کرکے ملک کی ترقی پر گہرے اثرات مرتب کریگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو جڑواں شہر راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف بازاروں، شاپنگ سینٹروں اور شاہراہوں پر تاجروں، دکانداروں اور بزنس کمیونٹی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد میں ایم کیو ایم کے جلسہ کے ہینڈ بل تقسیم کرنے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر اسلام آباد کے انچارج شہاب امیر اور ذوالفقار راجپوت کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے۔ حق پرست نمائندوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام محبت اور امن ہے اور ہم غریبوں کے انقلاب کا پروگرام لے کر پنجاب کی باشعور عوام کے پاس آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جانب سے مثبت رجحان اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام نے مفاد پرستوں کی جانب سے منفی پروپیگنڈوں کو مسترد کردیا ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب پاکستان میں 98 فیصد غریب عوام کے نمائندوں کی حکومت ہوگی جو پاکستان کے مسائل کو حل کرے گی۔

## 10، اپریل کا دن تبدیلی کے آغاز کا دن ثابت ہوگا، شاہد لطیف

چکوال۔۔۔9اپریل 2011

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا ہے کہ 10، اپریل کا دن تبدیلی کے آغاز کا دن ثابت ہوگا، پنجاب میں ایم کیو ایم کی مقبولیت سے دو فیصد جاگیردار، وڈیرہ اور سرمایہ دار طبقہ اور اس سے وابستہ کرپٹ سیاستدانوں کی نیند حرام کردی ہیں، انقلاب صدائیں پنجاب کے گاؤں دیہاتوں سے جس تیزی سے بلند ہورہی ہیں وہ اس بات کی دلیل ہیں کہ پنجاب کے غیور عوام جاگ رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پنجاب کے شہر چکوال میں ایم کیو ایم کے ضلعی دفتر کے افتتاح اور چکوال کے گاؤں بھون میں جلسہ عام سے خطاب کے موقع پر کیا۔ جلسہ عام میں عوام خصوصاً بزرگوں، نوجوانوں، خواتین اور طلبہ وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور جلسہ استحکام پاکستان میں شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ شاہد لطیف نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک منظم جماعت ہے، جو ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، ایم کیو ایم پنجاب کے عوام کو بیدار کرنے کیلئے آئی ہے۔ قبل ازیں شاہد لطیف نے چکوال پریس کلب کا دورہ کرکے صحافیوں سے ملاقات کی اور انہیں 10 اپریل کو قذافی اسٹیڈیم روڈ پر منعقدہ جلسہ ''استحکام پاکستان'' میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم، راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک، صوبائی تنظیمی کمیٹی زرین نصرت خیل، زونل کمیٹی کے رکن عنصر بٹر ضلع چکوال کے انچارج قلب عباس اور دیگران کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کابینہ نے راولپنڈی میں لیبر ڈویژن کی گیارہ رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا ہے

راولپنڈی۔۔۔9/اپریل 2011

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی مرکزی کابینہ نے راولپنڈی میں لیبر ڈویژن گیارہ رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا ہے، یہ اعلان لیبر ڈویژن کے مرکزی کمیٹی کے ارکان منظور شیخ اور تحسیم الحق خرم نے لیبر ڈویژن کے اجلاس کے دوران کیا جس میں مختلف اداروں کے محنت کشوں نے شرکت کی ۔اس موقع پر حق پرست ایم این اے عبدالوسیم، زونل انچارج راولپنڈی زون کے انچارج زاہد ملک بھی موجود تھے۔راولپنڈی زون لیبر ڈویژن میں مرزا عبدالروف سلطان بیگ انچارج، سید عمران حسین جوائنٹ انچارج، محمد عمران، متین احمد ضیاء، رضیہ سید باجی، تاج محمد، محمد ہارون، ملک مبشر، غلام حسین، اتفاق احمد، کامران احمد ممبران ہیں۔

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام راولپنڈی میں مفت طبی امدادی کیمپوں کا انعقاد
## 600 سے زائد مریضوں کا مفت طبی معائنہ اور ہزاروں روپے کی ادویات فراہم کی گئیں

راولپنڈی۔۔۔09اپریل 2011

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام راولپنڈی کے علاقے حیدری چوک اور رحمٰن آباد میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سینکڑوں مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی گئی۔میڈیکل کیمپ ایم کیوایم کے راولپنڈی ڈسٹرکٹ کی زیرنگرانی لگایا گیا تھا جس میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹیڈاکٹروں نے مختلف امراض میں مبتلا 600 سے زائد مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا انہیں اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات فراہم کیں، اس موقع پر مریضوں نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے میڈیکل کیمپ اور فری امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## 10، اپریل کا جلسہ ملک کی سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کریگا، کنور نوید جمیل، یوسف شاہوانی
## اے پی ایم ایس او ملتان، ساہیوال اور رحیم یار خان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب، عہدیداران کے ناموں کا اعلان

ملتان۔۔۔09اپریل 2011

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل اور یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ 10، اپریل کا جلسہ ملک کی سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کریگا۔ان خیالات انہوں نے ملتان میں اے پی ایم ایس او کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔جنرل ورکرز اجلاس میں ملتان کے تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔جنرل ورکرز اجلاس میں اے پی ایم ایس او کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری توصیف اعجاز، عرفان اعظم گاڈی اور امر قائم خانی سمیت ایم کیوایم ملتان زونل کمیٹی کے ارکان نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ ساہیوال اور رحیم یار خان کے عہدیداران، ٹاؤن کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل اور یوسف شاہوانی نے اے پی ایم ایس او ملتان، ساہیوال اور رحیم یار خان کے عہدیداران کے ناموں کا اعلان کیا اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی ۔انہوں نے کہا کہ 10 اپریل کا جلسہ ملک کی سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کردیگا۔جنرل ورکرز اجلاس سے اے پی ایم ایس او اور ملتان زونل کمیٹی کے ارکان نے بھی خطاب کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے مرکزی ارکان نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم محنت کشوں کی نمائندہ جماعت ہے، لیبر ڈویژن پنجاب کے مختلف شہروں میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاسوں سے خطاب

لاہور۔۔۔09اپریل 2011

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے مرکزی ارکان نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم محنت کشوں کی نمائندہ جماعت ہے اور محنت کشوں کے حقوق کی عملی جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب کے مختلف شہروں راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، فیصل آباد، گجرانوالہ اور لاہور میں کارکنان کے اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی ، منتخب نمائندے اور ایم کیو ایم پنجاب کے مختلف زونوں کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔اجلاس میں پاکستان پوسٹ آفس، پاکستان ریلوے، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، نیشنل بینک آف پاکستان، حبیب بینک لمیٹیڈ پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن، الائیڈ بنک، انکم ٹیکس، معدنیات اور دیگر سرکاری، نیم سرکاری اور نجی اداروں کے محنت کشوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیو ایم کے تحت ملتان ''استحکامِ پاکستان'' ریلی کا انعقادہ، عوام کی جانب سے ریلی کا خیرمقدم کارکنان میں جوش وخروش، جئے الطاف اور جئے متحدہ کے نعرے

ملتان۔۔۔09اپریل 2011

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے تحت گزشتہ روز 10اپریل کے جلسہ کے سلسلے میں ''استحکامِ پاکستان'' ریلی نکالی گئی جس میں ملتان شہر کے چاروں ٹاؤنز سے کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، ریلی چوک گھنٹہ گھر سے شروع ہوئی اور مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، چوراہوں سے ہوتی پریس کلب پر اختتام پذیر ہوئی، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قومی اور پارٹی پرچم تھامے ہوئے تھے اور وہ پرجوش انداز میں قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے حق میں نعرے لگارہے تھے اس موقع پر ملتان کے عوام نے ریلی کا زبردست خیرمقدم کیا اور انگلیوں کی مدد سے وکٹری کے نشان بنا کر ریلی کے شرکاء کو ویلکم کہا۔ریلی میں رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان ایم کیو ایم ملتان کے زونل انچارج وارا کین بھی موجود تھے رکن رابطہ کمیٹی کنور نوید جمیل نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 10اپریل کو لاہور میں ہونیوالا جلسہ ایک نئی تاریخ رقم کریگا اب وہ وقت دور نہیں جب حکمرانوں کو منتخب کرنے والے عوام بھی ووٹ کی طاقت سے اس ملک میں حکمرانی کریں گے

## پنجاب بھر کے مظلوم ومحکوم عوام ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کو اپنا قائد تسلیم کرچکے ہیں ملک میں اب تبدیلی کی فضاء پھیلنا شروع ہوگئی ہے، فرحت خان، رشید خان، ندیم مقبول

## ایم کیو ایم لاہور زون، شیخوپورہ، ڈسٹرکٹ، خالقاں ڈوگراں گاؤں، گھنی شام گاؤں، صفدر آباد، رحمان آباد، چورکوٹ، جید چک، حافظ آباد، گجرانوالہ اگو چک، کامونکی، گھر جاخ، فرانس آباد اور سرگودھا میں جلسہ ''استحکام پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ علیحدہ علیحدہ اختتامی کارنر میٹنگوں سے خطاب

لاہور:۔۔۔9اپریل، 2011ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان اور رکن سندھ اسمبلی رشید خان نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک سے کرپٹ سیاست دانوں اور ملک کی قومی دولت لوٹنے والوں سے ملک کی دولت واپس لیکر اسے ملک کے قومی خزانے میں واپس لائی گی اور ملک کو بحرانوں سے نکال کر ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لاکر کھڑا کرنا چاہتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیو ایم لاہور زون، شیخوپورہ، ڈسٹرکٹ ، خالقاں ڈوگراں گاؤں، گھنی شام گاؤں، صفدر آباد ، رحمان آباد، چورکوٹ ، جید چک، حافظ آباد، گجرانوالہ اگو چک، کامونکی، گھر جاخ، فرانس آباد میں جلسہ ''استحکام پاکستان'' کے سلسلے میں منعقدہ علیحدہ علیحدہ اختتامی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماع میں ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین، ڈسٹرکٹ، تحصیل کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان، مختلف مذاہب وقومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگ، نوجوانوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک میں غریب ومظلوم عوام کیلئے اُمید کی کرن بن چکی ہے اور پنجاب بھر کے مظلوم ومحکوم عوام ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کو اپنا قائد تسلیم کرچکے ہیں ملک میں اب تبدیلی کی فضاء پھیلنا شروع ہوگئی ہے انشاء اللہ اب کوئی طاقت پنجاب میں ایم کیو ایم کے فکر وفلسفے کو پھیلنے سے نہیں روک سکتی ہے۔دریں اثناء جلسہ ''استحکام پاکستان کے سلسلے میں ایم کیو ایم فیصل آباد زون کے زیراہتمام سرگودھا میں ایک کارنر میٹنگ منعقد کی

گئی جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی ندیم مقبول اور ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عارف خان ایڈووکیٹ نے شرکت کی ۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ندیم مقبول نے کہا کہ 10 اپریل کا جلسہ ''استحکام پاکستان'' نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کیلئے احتساب کا دن ثابت ہوگا۔ بعدازاں انہوں نے سرگودھا کے کچہری بازار اور لیاقت مارکیٹ کا دورہ کیا اور دکانداروں و کاروباری حضرات کو 10 اپریل کے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔

## 10 اپریل کا جلسہ ''استحکام پاکستان'' ملک میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ ظالمانہ فرسودہ نظام کے خلاف ایم کیو ایم کی فیصلہ کن جنگ کا آغاز ہوگا۔ رکن شاہد لطیف تاریخ گواہ ہے کہ ایم کیو ایم نے عوام کی طاقت سے ہمیشہ تبدیلی برپا کی ہے، زونل انچارج زاہد ملک راولپنڈی میں استحکام پاکستان ریلی سے خطاب

راولپنڈی۔۔۔۔09 اپریل 2011

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام ریلی نکالی گئی جس میں راولپنڈی کے شہریوں کو 10 اپریل کو لاہور میں ہونے والے ''استحکام پاکستان'' کے جلسہ میں شرکت کی دعوت دی گئی اور اعلان کیا گیا کہ قائد تحریک الطاف حسین پنجاب سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ ظالمانہ نظام کو ختم کرنے اور 98 فیصد غریب عوام کو ان کے حقوق دلانے پنجاب پہنچ گئے ہیں۔ ایم کیو ایم کا جلسہ پاکستان میں سیاسی، سماجی اور اقتصادی تبدیلیوں کا باعث بنے گا۔ ہفتہ کو ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے زیر اہتمام ایک بڑی ریلی شمس آباد میں واقع زونل آفس سے شروع ہوئی جومری روڈ، رحمان آباد، کمیٹی چوک، اور لیاقت باغ سے ہوتی ہوئی راجہ بازار کے مقام پر اختتام پزیر ہوئی۔ ریلی کی قیادت رابطہ کمیٹی پاکستان کے رکن شاہد لطیف، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی، زونل انچارج زاہد ملک، حق پرست اراکین قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان، عبدالوسیم، سندھ اسمبلی کے ارکان سیف الدین خالد اور وسیم احمد نے کی۔ ڈسٹرکٹ اسلام آباد کے انچارج شہاب امیر کی سربراہی میں ایم کیو ایم کے کارکنوں کا قافلہ اسلام آباد سے آیا اور ریلی میں شرکت کی۔ ضلع راولپنڈی کے انچارج ذالفقار راجپوت کی قیادت میں ایم کیو ایم کے کارکنوں کا قافلہ میں شریک ہوا، ریلی کے شرکاء نے بینر، کتبے اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔ شرکاء نے الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے حق میں زبردست نعرہ بازی بھی کی۔ ریلی میں موٹر سائیکل اور گاڑیاں بھی شامل تھیں جن پر الطاف حسین کی تصاویر والے پوسٹر چسپاں تھے جبکہ لوگوں نے ایم کیو ایم کے جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ ایم کیو ایم کا لاہور میں جلسہ (آج) اتوار کو منعقد ہوگا جس سے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین خطاب کریں گے۔ ریلی کے اختتام پر رکن رابطہ کمیٹی شاہد لطیف، زونل انچارج زاہد ملک اور حق پرست ایم کیو ایم اقبال محمد علی خان نے خطاب کیا۔ رابطہ کمیٹی پاکستان کے رکن شاہد لطیف نے کہا کہ 10 اپریل کا استحکام پاکستان کا جلسہ سے ملک میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ ظالمانہ فرسودہ نظام کے خلاف ایم کیو ایم کی فیصلہ کن جنگ کا آغاز ہوگا اور پنجاب کے دل میں ہونے والی عوامی سوچ کی تبدیلی کے اثرات اسلام آباد سمیت ملک بھر میں نظر آئیں گے۔ زونل انچارج زاہد ملک نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ ایم کیو ایم نے عوام کی طاقت سے ہمیشہ تبدیلی برپا کی ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان نے کہا کہ ایم کیو ایم کو پنجاب کے عوام سے دور رکھنے کے مفاداتی گروہوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا لیکن ان کو شکست اور مایوسی کے سواء کچھ نہیں ملا۔ لاہور کا جلسہ انشاء اللہ ثابت کرے گا کہ پنجاب کے عوام تبدیلی کا آغاز کر چکے ہیں اور اس ملک گیر عوامی تبدیلی کے انقلاب کو کوئی نہیں روک سکتا۔

**وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے آج لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات**

**جناب الطاف حسین نے اپنی رہائش گاہ آمد پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو خوش آمدید کہا۔**

**الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے وزیراعظم کو گلدستہ پیش کیا**

**وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے میں جمہوری نظام کے تسلسل اور استحکام کیلئے ایم کیوایم کی پالیسیوں اورالطاف حسین کے کردار کو سراہا**

**وزیراعظم نے الطاف حسین کو لاہور میں ہونیوالے ایم کیوایم کے جلسہ عام کی کامیابی کی پیشگی مبارکباد پیش کی**

**پنجاب میں ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیاں قومی سیاست کیلئے خوش آئند ہیں۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی**

**الطاف حسین نے وزیراعظم کی مفاہمت کی پالیسیوں کو سراہا اور ملک کی یکجہتی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا**

**وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، وزیراعظم کے صاحبزادے عبدالقادر گیلانی اور پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے**

**ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سلیم شہزاد، طارق جاوید، انیس ایڈوکیٹ اور مصطفےٰ عزیز آبادی بھی موجود تھے**

لندن۔۔۔9 اپریل 2011ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے آج لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی ۔ یہ ملاقات جناب الطاف کی رہائش گاہ پر ہوئی ۔ جناب الطاف حسین نے اپنی رہائش گاہ آمد پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو خوش آمدید کہا اوران سے معانقہ کیا۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے وزیراعظم کو گلدستہ پیش کیا۔ وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، وزیراعظم کے صاحبزادے عبدالقادر گیلانی اور پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سلیم شہزاد، طارق جاوید، انیس ایڈوکیٹ اور مصطفےٰ عزیز آبادی بھی موجود تھے۔ ملاقات ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی ۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے انکے صاحبزادے سید حیدر گیلانی کی خیریت دریافت کی اوران کی صحتیابی کیلئے دعا کی ۔ وزیراعظم نے انکے صاحبزادے کیلئے دعائے صحت کی اپیل اور عیادت کیلئے ایم کیوایم کے وفد کو بھیجنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ ءخیال کیا گیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ملک میں جمہوری نظام کے تسلسل اور استحکام کیلئے ایم کیوایم کی پالیسیوں اور جناب الطاف حسین کے کردار کو سراہا۔ وزیراعظم نے جناب الطاف حسین کو لاہور میں ہونیوالے ایم کیوایم کے جلسہ عام کی کامیابی کی پیشگی مبارکباد پیش کی اور پنجاب میں ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیوں کو قومی سیاست کیلئے خوش آئند قرار دیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم ہماری اتحادی جماعت ہے اوراسے ہر قیمت پر ساتھ لیکر چلیں گے۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم کی مفاہمت کی پالیسیوں کو سراہا اور ملک کی یکجہتی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے انہیں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

**وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات کے موقع پر افضاء الطاف سے خصوصی گفتگو، شفقت کا اظہار اور پاکستان کے دورے کی دعوت**

لندن۔۔۔9 اپریل 2011ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کیلئے پہنچے تو جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو گلدستہ پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے اپنی صاحبزادی کا تعارف کرایا۔ وزیراعظم نے افضاء الطاف سے شفقت کا مظاہرہ کیا اوراسے پیار کیا۔ وزیراعظم نے افضاء الطاف سے خصوصی گفتگو کی، ان سے ان کے اسکول اور تعلیم کے بارے میں دریافت کیا۔ ملاقات کے بعد وزیراعظم رخصت ہونے لگے تو انہوں نے افضاء الطاف کو ایک بار پھر شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔

## رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ E-5 کے تین کارکنان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔9اپریل 2011

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پرایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ E-5 کے کارکنان آبشاراحمد ولد عبدالحمید،مشکورالحسن ولد مشہودالحسن اورناصرعلی ولد صابرعلی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی وہ مذکورہ بالاافراد سے کسی بھی قسم کا کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن لاہور کی 10 رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا گیا
## لاہور کمیٹی ضلع نارول،ننکانہ صاحب،نارووال،اوکاڑہ،شیخوپورہ اور ضلع قصور پر مشتمل ہے

لاہور۔۔۔9اپریل 2011

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس اولاہور کی 10رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا ہے۔نومنتخب ذمہ داران کا اعلان اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشرواشاعت سیکریٹری احسن علی غوری اور مرکزی فنانس سیکریٹری نعمان سمیع نے پنجاب ہاؤس لاہور میں منعقدہ اے پی ایم ایس او کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ لاہورزون کے ذمہ داران اوراے پی ایم ایس او کے کارکنان کی کثیرتعداد موجودتھی۔اے پی ایم ایس اوکی مرکزی کابینہ نے لاہور کے ذمہ داران کومبارکباد پیش کی اور تنظیمی کام کومزید تیز کرنے کی پرزور دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اے پی ایم ایس اولاہور کمیٹی ضلع نارول،ننکانہ صاحب،اوکاڑہ،شیخوپورہ اور قصور میں اوردیگراضلاع میں بھی تنظیمی کام کو پھیلائے گی۔

## سابق ڈسٹرکٹ اٹارنی وساہیوال کے معروف قانون دان مقصوداحمد بھٹی نے اپنی پوری برادری سمیت متحدہ میں شمولیت اختیار کرلی

ساہیوال۔۔۔09اپریل 2011ء

سابق ڈسٹرکٹ اٹارنی اورساہیوال کے معروف قانون دان مقصوداحمد بھٹی نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے سے متاثر ہوکراپنی برادری سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیارکرلی ہے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان انہوں نے گزشتہ روز 10اپریل کولاہور کے قذافی اسٹیڈیم روڈ پر ہونیوالے جلسہ عام''استحکام پاکستان '' کے سلسلے میں ایم کیوایم ساہیوال ڈسٹرکٹ کے زیراہتمام عوامی اجتماع میں کیا۔فیصل کالونی عارف روڈ پرمنعقدہ اجتماع میں حق پرست قومی اسمبلی ڈاکٹرایوب شیخ،ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی رکن رزاق،زون جوائنٹ انچارج نجم ارشد،ڈسٹرکٹ انچارج واراکین نے شرکت کی۔اس موقع پرمقصوداحمد بھٹی نے اپنے جذبات کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد ملک کی تمام قومیتوں کے حقوق کے حصول کی جدوجہد ہے اوراس جدوجہد میں ہم سب پوری طرح قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔انہوں نے اپنی برادری کے ہمراہ 10اپریل کوقذافی اسٹیڈیم روڈ پر ہونے والے جلسہ عام''استحکام پاکستان''میں بھرپورشرکت کرکے اسے کامیابی سے ہمکنارکرانے کے عزم کا اظہارکیا۔

## ایم کیوایم کا حکومت پنجاب سے کوئی جھگڑانہیں ہے،ترجمان ایم کیوایم
## کل ایم کیوایم کا جلسہ قذافی اسٹیڈیم سے متصل فٹبال گراؤنڈ میں ہوگا سیکوریٹی خدشات کے پیش نظرحکومت پنجاب کی مجبوری کو سمجھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے

کراچی۔۔۔09اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے کہا ہے کہ کل بروزاتوارکولاہورمیں ایم کیوایم کا جلسہ عام قذافی اسٹیڈیم روڈ سے متصل فٹبال گراؤنڈ (پنجاب اسٹیڈیم ) میں منعقدکیا جائے گا۔ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ ایم کیوایم مفاہمت پریقین رکھتی ہے اوراسی پالیسی کومدنظررکھتے ہوئے ایم کیوایم نے حکومت پنجاب اورلاہور کی مقامی انتظامیہ کی تجویز پرحامی بھری ہے اورسیکوریٹی کے خدشات کے سلسلے میں حکومت پنجاب کی مجبوری کو سمجھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے۔ترجمان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا حکومت پنجاب سے کوئی جھگڑانہیں ہے اورایم کیوایم نے سیاست میں مفاہمت کی اہمیت کوتسلیم کرتے ہوئے جلسہ قذافی اسٹیڈیم روڈ سے متصل فٹبال گراؤنڈ میں کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆